Alberta

# اطلاع نامہ (نیوز رلیز)

## توانائی کی آمدنی کو واپس اپنی جیب میں ڈالنا

17جون، 2026

البرٹا کی حکومت البرٹا انرجی ریبیٹ کا آغاز کر رہی ہے، توانائی کی آمدنی کو رقم میں تبدیل کر کے براہ راست البرٹنس کی جیبوں میں ڈال رہی ہے۔

1 جولائی، 2026 سے، تقریباً 3.4 ملین البرٹنز نئے البرٹا انرجی ریبیٹ کے ذریعے 100 ڈالر وصول کرنے کے اہل ہوں گے۔ انرجی ربیٹ (توانائی کی چھوٹ) گیس کی بلند قیمتوں کے حالیہ مہینوں میں جمع کیے گئے ٹیکس کے ڈالرز کو واپس البرٹنز کے حوالے کرے گی تاکہ ایندھن اور دیگر گھریلو ضروریات کے اخراجات میں مدد مل سکے۔ اس چھوٹ کے ساتھ، حکومت آج خاندانوں کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے زیادہ لچک کے ساتھ زیادہ بچتیں پیش کر رہی ہے۔

ایندھن کے ٹیکس میں چھوٹ پر انحصار کرنے اور اس امید کے بجائے کہ کم قیمتوں کے ذریعے بچتیں ہو جائیں گی، یہ نقطہ نظر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تیل کی بلند آمدنی البرٹنز کو حقیقی فوائد فراہم کرے - وہ فوائد جو پمپ پر غائب نہیں ہوجاتے ہیں۔

"تیل کی اونچی قیمتیں صرف اس بات کو متاثر نہیں کرتی ہیں کہ لوگ پمپ پر کیا ادائیگی کرتے ہیں، وہ گروسریز، یوٹیلیٹیز اور دیگر گھریلو اخراجات کی لاگت کو بڑھا سکتے ہیں۔ البرٹا انرجی ریبیٹ البرٹا کے لوگوں کے لیے توانائی کی اعلی آمدنی کو براہ راست چھوٹ میں بدل دیتا ہے، جس سے خاندانوں کو اس کا استعمال کرنے میں وہاں لچک ملتی ہے جہاں انہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔"

*ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر (Danielle Smith, Premier)*

البرٹا کے رہائشی جن کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے، جنہوں نے 2025 کا ٹیکس ریٹرن جمع کرایا ہے اور جن کی گھریلو آمدنی 225,000 ڈالر یا اس سے کم ہے، وہ 1 جولائی، 2026 سے شروع ہونے والے ایک محفوظ آن لائن پورٹل کے ذریعے انرجی ریبیٹ کے لیے درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ ایک گھرانے کی تعریف ایک فرد یا دو افراد کے طور پر کی جاتی ہے جو شادی شدہ ہیں یا کامن لاء کے مشترکہ تعلقات میں ہیں۔

جب وفاقی حکومت نے اس سال کے شروع میں اپنا 10 فیصد فیول ایکسائز ٹیکس معطل کر دیا تھا، تو وہ بچت کچھ دنوں کے اندر، اور اس سے پہلے کہ البرٹنز کو کوئی چھوٹ محسوس ہوتی، پمپوں پر ختم ہو گئی تھی ۔ اگلے تین مہینوں میں ایندھن پر ٹیکس میں ریلیف پروگرام فراہم کرنے کا جواندازہ لگایا گیا تھا، خاندانوں کو اس کے مقابلے میں اوسطاً 50 فیصد سے زیادہ اضافی بچتوں کی فراہمی کرتے ہوئے – انرجی ربیٹ (توانائی کی چھوٹ) پچھلے مہینوں کی تیل کی اونچی قیمتوں پراب البرٹنز کو حقیقی منافع دیتی ہے۔

"جب تیل کی قیمتیں اونچی ہوتی ہیں، تو ہر کوئی اسے محسوس کرتا ہے۔ البرٹا کے لوگ حقیقی چھوٹ کے اور اسے استعمال کرنے کی آزادی کے مستحق ہیں، جب اور جہاں یہ ان کے خاندانوں کے لیے سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ البرٹا انرجی ریبیٹ صوبہ بھر میں مزید البرٹنز کے لیے قابل اعتماد تعاون کے ساتھ بالکل ایسا ہی چھوٹ فراہم کرتا ہے۔"

*جیسن نکسن، ٹریژری بورڈ کے صدر اور وزیر خزانہ (Jason Nixon, President of Treasury Board and Minister of Finance)*

چاہے ترجیح گروسریز، بلز، کرایہ یا ایندھن ہو، توانائی کی چھوٹ لچکدار مدد کو یقینی بناتی ہے۔ ہر اہل البرٹن کے لیے– چاہے ڈرائیور ہو یا نہیں – اہل دو بالغوں والے گھرانوں کو ضمانت شدہ تعاون کے ساتھ فوری ریلیف میں 200 ڈالرملے گا جو کسی بھی گھریلو ضرورت کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ ایک ہی گھر میں رہنے والے ہر اہل بالغ خاندان کے رکن یا 18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بچے کے لیے اضافی 100 ڈالرکی چھوٹ سے بھی فیملیز فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

# اطلاع نامہ (نیوز رلیز)

چھوٹ اس بات کو بھی یقینی بناتی ہے کہ مدد بزرگوں، کمزور آبادیوں، ٹرانزٹ صارفین، دورسے کام کرنے والے (ریموٹ) کارکنوں اور دیگرلوگوں تک پہنچ جائے، جنہوں نے ایندھن میں چھوٹ سے فائدہ نہ اٹھایا ہو۔ البرٹا سینئرز بینیفٹ حاصل کرنے والے اور اشیورڈ انکم فار سیویئرلی ہینڈی کیپڈ (AISH)، البرٹا ڈس ایبلٹی اسسٹنس پروگرام (ADAP) اور انکم سپورٹ میں اندراج شدہ افراد اپنی ادائیگی حاصل کرنے کے لیے خود بخود اندراج ہو جائیں گے۔

"ہم جانتے ہیں کہ البرٹا کے لوگوں کے لیے استطاعت بہت اہمیت رکھتی ہے – ہم آپ کی سنتے ہیں، اور ہم اقدامات کر رہے ہیں۔ یہ چھوٹ ہمارے موجودہ قابل استطاعت اقدامات پراضافہ ہے، اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ رہنے، کام کرنے اور خاندان کی پرورش کے لیے البرٹا سب سے قابل استطاعت جگہ بنی رہے، یہ وسیع تر، لچکدار مدد فراہم کرتی ہے۔"
*آر جے سیگرڈسن، منسٹرآف ایفرڈیبیلیٹی اینڈ یوٹیلیٹیز (RJ Sigurdson, Minister of Affordability and Utilities)*

"البرٹنز اس وقت بڑھتے ہوئے مالی دباؤ کا سامنا کر رہے ہیں۔ ہم جن لوگوں کی خدمت کرتے ہیں وہ اس سپورٹ سے فائدہ اٹھائیں گے کیونکہ یہ انہیں اپنے خاندان ک کی سب سے زیادہ ضرورت کے مطابق فیصلہ کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ اس کا مطلب ہے میز پر کھاناہو، ان کے ٹینکوں میں گیس ہو، اور کچھ آرام کرنے کا موقع ہو۔ چاہے کام پر جانا ہو، یا بچوں کو اسکول لے جانا ہو، کھانا کھلانا اور ان کے دن کے لیے تیار کرنا ہو – ہر طرح کی مدد فائدہ مند ہے۔"
*جیف ڈائر، سی ای او، ٹریلس سوسائٹی (Jeff Dyer, CEO, Trellis Society)*

البرٹا انرجی ریبیٹ ان اقدامات اور پروگراموں میں اضافہ کرتا ہے جو کینیڈا میں رہنے، کام کرنے اور خاندان کی پرورش کے لیے البرٹا کو سب سے زیادہ قابل استطاعت جگہوں میں سے ایک بناتے ہیں۔ ملک میں ایندھن پر 13 سینٹس فی لیٹر پر دوسرے نمبر پر سب سے کم ٹیکس کے ساتھ، البرٹا کے مسابقتی، کم ٹیکس والے ماحول نے ایندھن کی اوسط قیمت کو 156.3 سینٹس فی لیٹر رکھنے میں مدد کی ہے، جوکہ کینیڈین اوسط 171.2 سینٹ فی لیٹر سے بھی کم ہے۔ البرٹنز بھی سب سے کم ذاتی انکم ٹیکس اور بنا صوبائی سیلز ٹیکس سے مستفید ہوتے ہیں۔ البرٹا کی حکومت نے گزشتہ سال آٹھ فیصد ٹیکس بریکٹ بھی متعارف کرایا تھا، جس سے البرٹا کے باشندوں کو 2025 میں تقریباً 1.2 بلین ڈالر کی بچت ہوئی۔

البرٹا کی حکومت براہ راست، عملی سہولت فراہم کرنے پر مرکوز ہے جس پر لوگ بھروسہ کر سکتے ہیں۔ اگر تیل کی قیمتیں مستقبل کی سہ ماہیوں میں زیادہ رہیں تو، البرٹا کی حکومت چھوٹ فراہم کرنے اور البرٹا کے خاندانوں کے لیے دباؤ کو کم کرنے کے لیے بہترین اختیارات تلاش کرے گی۔

فوری حقائق

- البرٹا انرجی ریبیٹ ایپلیکیشن پورٹل 1 جولائی، 2026 کو کھلتا ہے، 30 ستمبر 2026 کو بند ہوتا ہے۔
- 18 مئی، 2026 سے 15 جون، 2026 تک 20 دن کے جائزے کی مدت کے دوران ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (WTI) کے ایک بیرل کی اوسط قیمت 92.74 ڈالرتھی۔
- 15 جون، 2026 تک، البرٹا کے خاندان ایندھن کے لیے اوسطاً 156.3 سینٹ فی لیٹر ادا کرتے ہیں، جو کینیڈین اوسط 171.2 سینٹ فی لیٹر سے کافی کم ہے۔
- اوسطا" البرٹن ہر سال 2,000 لیٹر ایندھن استعمال کرتا ہے، جو کہ ایک سہ ماہی کے لیے فی شخص صرف 65 ڈالرکی فیول ٹیکس ریلیف بچت کی نمائندگی کرتا ہے۔
- البرٹا انرجی ریبیٹ کی اہلیت کے مقاصد کے لیے، 'گھرانے' کی تعریف ایک فرد یا دو افراد کے طور پر کی گئی ہے جو شادی شدہ ہیں یا کامن لاء (مشترکہ قانون) کے رشتے میں ہیں۔
    - 18سال اور اس سے زیادہ عمر کے البرٹنز ایک ہی پتے پر رہتے ہیں، لیکن جو شادی شدہ یا کامن لاء (مشترکہ قانونی ساتھی) نہیں ہیں، انہیں الگ گھرانے کے طور پر تصور کیا جائے گا۔ اس میں شامل ہیں:
        - روم میٹس
        - 18 سال سے زیادہ عمر کے بچے

- ایک ہی گھر میں رہنے والے خاندان کے دیگر بالغ افراد
  - ہر بالغ کو ادائیگی حاصل کرنے کے لیے الگ سے درخواست دینے کی ضرورت ہوگی۔
- البرٹا انرجی ریبیٹ قابل ٹیکس نہیں ہے اور اسے کینیڈا ریونیو ایجنسی کو رپورٹ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
  - یہ ادائیگیاں وصول کرنے سے AISH، ADAP، انکم سپورٹ، البرٹا سینئرز بینیفٹ یا فیڈرل سینئرز پروگرام کے تحت اہلیت یا فائدہ کی رقم متاثر نہیں ہوگی۔

**متعلقہ معلومات**

- alberta.ca/alberta-energy-rebate

**متعلقہ خبریں**

- ایندھن اور یوٹیلیٹی کے اخراجات میں سہولت فراہم کرنا (7 مارچ، 2022)

**میڈیا کے استفسارات**

سیم بلیکیٹ (Sam Blackett)
Sam.Blackett@gov.ab.ca
587-589-6048
پریس سیکرٹری، آفس آف دا پریمیئر(Press Secretary, Office of the Premier)
جولیانا روڈریگے (Juliana Rodriguez)
Juliana.Rodriguez@gov.ab.ca
587-338-2302
پریس سیکرٹری، ٹریژری بورڈ اینڈ فنانس (Press Secretary, Treasury Board and Finance)
ایشلی بیریٹ (Ashli Barrett)
Ashli.Barrett@gov.ab.ca
587-545-8821
پریس سکریٹری، افورڈیبیلیٹی اینڈ یوٹیلیٹیز (Press Secretary, Affordability and Utilities)